PREVESTDenPro®
THE FUTURE OF DENTISTRY

August 21, 2026

To,
BSE Limited,
Corporate Relationship Department,
P.J. Towers, Dalal Street,
Mumbai 400 001

**Scrip No. 543363**

**Sub: Newspapers publication of Notice of 27th Annual General Meeting (AGM) and Remote E-Voting Information etc.**

Dear Sir/Madam,

Pursuant to Regulation 47 read with Regulation 30 of the SEBI (Listing Obligations and Disclosure Requirements) Regulation, 2015, please find enclosed copies of newspaper advertisements published in the newspapers viz. Hindustan Times (English) and Hind Samachar (Urdu) on August 21, 2026 regarding the Notice of the 27th Annual General Meeting (AGM) and Remote E-voting Information etc.

This is for your information and records.

Thanking You,

Yours faithfully,
**For Prevest Denpro Limited**
PRATUL GUPTA Digitally signed by PRATUL GUPTA Date: 2026.08.21 15:20:04 +05'30'
**Pratul Gupta**
**Company Secretary & Compliance Officer**

**Encl: As above**

HIND SAMACHAR ہند سماچار




## سڑک حادثہ میں مہلا کی موت

سرینگر، 20 اگست ( آفتاب ) ویروار کو وسطی کشمیر کے گاندربل ضلع کے کنگن کے اکھال علاقے میں ایک سڑک حادثے میں ایک 45 سالہ خاتون کی موت ہوگئی۔ متوفیہ کی شناخت نسیمہ بیگم کے نام سے ہوئی ہے جو کہ اکھال، کنگن کی رہنے والی ہے۔

اطلاعات کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب علاقے کی ایک لنک روڈ پر ایک سکارپیو گاڑی ٹاٹا موبائل سے ٹکرا گئی۔

حادثے میں نسیمہ بیگم شدید زخمی ہوگئیں۔ اسے طبی علاج کے لئے فوری طور پر سب ضلع ہسپتال کنگن منتقل کیا گیا۔

## کٹھوعہ کے تمام 216 سرحدی گاؤں اب سڑک سے منسلک، مکمل برق کاری: منوج سنہا


### ٹیلی مواصلات اور ٹیلی ویژن کی سہولت ہر گھر تک پہنچ چکی ہے

جموں، 20 اگست (یو این آئی) جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج کہا کہ سرحدی گاؤں ہندستان کے آخری گاؤں نہیں بلکہ پہلے گاؤں ہیں، جو ملک کی شناخت اور ترقی کی اگلی صف میں شامل ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ کٹھوعہ ضلع کے تمام 216 سرحدی گاؤں اب سڑکوں سے جڑ چکے ہیں اور یہاں مکمل بجلی کاری بھی ہو چکی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے وی وی پی-2 کے تحت آنے والے چھ اہم سرحدی گاؤں کے باشندوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کئی دہائیوں تک سرحد کا لفظ دوری کا احساس دلاتا تھا اور یہ گاؤں حکومتی ترجیحات سے دور رہے۔ تاہم وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرحدی گاؤں کو ترقی کے مرکزی دھارے میں شامل کیا گیا ہے۔

مسٹر سنہا نے کٹھوعہ ضلع کے سرحدی گاؤں کرول کرشنا کا دورہ کیا۔ کرول کرشنا کے علاوہ رٹھوا، گجر چک، گجنال، بوبیا اور کڈیالا گاؤں بھی وائبرنٹ ولیج پروگرام-فیز 2 (وی وی پی-2) کے تحت آتے ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مقامی خاندانوں کو مختلف سرکاری سکیموں کے فوائد اور نوجوانوں کو تقرری کے خطوط بھی حوالے کئے۔ انہوں نے کہا، جب ہندستان کی ترقی کی داستان لکھی جائے گی تو اس کا پہلا باب کرول کرشنا، رٹھوا، گجنال، بوبیا، کڈیالا اور گجر چک جیسے گاؤں سے شروع ہونا چاہئے، جہاں ہندستان کی سرحد سانس لیتی ہے اور ترنگا لہراتا ہے۔

2019 کے بعد ہونے والی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ کٹھوعہ ضلع کے تمام 216 سرحدی گاؤں اب سڑکوں سے جڑ چکے ہیں اور مکمل بجلی کاری حاصل کی جا چکی ہے۔ ٹیلی مواصلات اور ٹیلی ویژن کی سہولت، جو پہلے محدود تھی، اب ہر گھر تک پہنچ چکی ہے۔



لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، یہ اعداد وشمار صرف اعداد اور رپورٹیں نہیں ہیں بلکہ یہ آپ کی زندگیوں میں آنے والی حقیقی تبدیلی کی عکاسی کرتے ہیں۔

لیفٹیننٹ گورنر نے اعداد وشمار کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ غربت کی سطح میں نمایاں کمی آئی ہے، شہروں کی جانب نقل مکانی نصف رہ گئی ہے اور دیہی آمدنی میں 30 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوا ہے اور بے روزگاری پہلے کی سطح کے مقابلے میں تقریباً نصف رہ گئی ہے۔ سرحدی خاندانوں کی حفاظت کے لئے 2,000 سے زیادہ انفرادی اور اجتماعی بنکر تعمیر کئے گئے ہیں۔

انہوں نے کہا، ہمارا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ پوری آبادی خطِ غربت سے اوپر آ جائے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے سرحدی معیشتوں کو تبدیل کرنے میں ناری شکتی کے کردار کی بھی تعریف کی۔ قومی دیہی روزی روٹی مشن کے تحت 1,300 سے زیادہ سیلف ہیلپ گروپس تشکیل دیئے گئے ہیں، جن سے 12,000 سے زیادہ خاندان مستفید ہو رہے ہیں۔ خواتین سلائی، کڑھائی، دست کاری اور چھوٹے کاروباروں سے وابستہ ہیں، جس سے گھریلو اور گاؤں کی معیشت دونوں مضبوط ہو رہی ہیں۔

مسٹر سنہا نے سرحدی گاؤں کی نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ میٹرو شہروں کے نوجوانوں کی طرح بڑے خواب دیکھے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری سکولوں میں اب بہتر سہولات، ڈیجیٹل کلاس روم، پیشہ ورانہ تربیت اور مکمل تعلیمی سیشن دستیاب ہیں۔ انہوں نے کہا، یہ کوئی معمولی تبدیلی نہیں بلکہ نسل در نسل ہونے والی تبدیلی ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر نے سرحدی گاؤں کی ترقی اور خود کفالت کے لئے چار اہم عزم کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ گاؤں کو صرف سڑکوں سے نہیں بلکہ منڈیوں سے بھی جوڑ کر باغبانی اور ڈیری کوآپریٹیو کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لئے زراعت، سیاحت، دفاعی معاون خدمات اور دست کاری کے شعبوں میں مواقع پیدا کئے جائیں گے۔

صحت کی سہولات بہتر بنانے کے لئے طبی خدمات اور ٹیلی میڈیسن رابطے کو مضبوط کیا جائے گا، جبکہ چوتھا عزم شہری انتظامیہ اور مسلح افواج کے درمیان بہتر تال میل کے ذریعے مضبوط حفاظتی ڈھانچہ قائم کرنا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ترقی اور سلامتی الگ الگ مقاصد نہیں بلکہ ایک ہی مقصد کے دو ستون ہیں۔ صرف محفوظ گاؤں ہی خوشحال گاؤں بن سکتا ہے اور صرف خوشحال گاؤں ہی خود کفیل اور ترقی یافتہ ہندستان کی تعمیر کر سکتے ہیں۔

لیفٹیننٹ گورنر نے کرول کرشنا اور آس پاس کے گاؤں کے نوجوانوں اور خاندانوں سے اپنے مستقبل کی تشکیل کی ذمہ داری خود سنبھالنے کی اپیل کی۔

انہوں نے کہا، میں کرول کرشنا، رٹھوا، گجنال، بوبیا، کڈیالا اور گجر چک کے نوجوانوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ آزادی کے بعد کئی دہائیوں تک آپ کے آباؤ اجداد نے مشکلات کے باوجود اس سرزمین کو سنبھالے رکھا۔ اب اسے آگے لے جانے کی ذمہ داری آپ کی ہے۔ آج وسائل آپ کے ہاتھ میں ہیں اور اگر کہیں بھی کوئی کمی رہ گئی تو میں وعدہ کرتا ہوں کہ اسے فوری طور پر دور کیا جائے گا۔

انہوں نے کہا، آج بڑا سوال یہ ہے کہ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ اپنے گاؤں کو کہاں تک لے جائیں گے؟ کیا کرول کرشنا صرف ایک سرحدی گاؤں کے طور پر جانا جائے گا یا ایسے سرحدی گاؤں کے طور پر جس سے ملک کے بہترین نوجوان پیدا ہوں؟ اس کا فیصلہ اب نوجوانوں کی ذمہ داری ہے۔

سنہا نے کہا، میں سرحدی گاؤں کے تمام خاندانوں کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ترقی کی روشنی ہر گھر تک پہنچے۔ وائبرنٹ ولیجز پروگرام ایک قومی عزم ہے اور اب ہم سرحدی گاؤں کو پیچھے نہیں رہنے دیں گے۔

انہوں نے مزید کہا، آپ ہندستان کا پہلا نام ہیں۔ آپ ملک کا حاشیہ نہیں بلکہ اگلی صف ہیں۔ آپ وہ جگہ ہیں جہاں سے ہندستان دکھائی دیتا ہے۔ جب تک ہمارا سپاہی سرحد پر کھڑا ہے اور اس کے پیچھے سرحدی گاؤں مضبوطی سے کھڑے ہیں، ہندستان مضبوط ہے۔

کرول کرشنا بارڈر آؤٹ پوسٹ (بی او پی) کے دورے کے دوران لیفٹیننٹ گورنر نے جوانوں سے ملاقات کی اور ملک کی سرحدوں کی حفاظت کے لئے ان کے مستقل عزم اور آپریشن سندور کے دوران ان کی غیر معمولی خدمات کی تعریف کی۔ انہوں نے دشمن کی جانب سے کسی بھی جارحانہ کوشش کو ناکام بنانے اور اسے بے اثر کرنے کے لئے مسلسل چوکسی برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

## محبوبہ مفتی نے غیر ملکی لوگوں کے جموں کشمیر دوروں کے طریقے پر اٹھایا سوال

### کہا-2019 کے بعد غیر ملکی شخصیات کے دورے طے شدہ ہونے لگے ہیں۔ مقامی لوگوں سے اب ملاقات نہیں کی جاتی

**کشمیر کے مسائل دہلی میں حل ہونے چاہئیں۔ عمر عبداللہ کو امریکی سفیر کے سامنے ایران پر حملے کا معاملہ اٹھانا چاہئے تھا**

سری نگر، 20 اگست (ایجنسی) جموں وکشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ اور پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے ویروار کو مرکز کے زیر انتظام علاقے میں غیر ملکی شخصیات کے دوروں کے طریقہ کار پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ 2019 کے بعد ایسے دورے طے شدہ پروگرام کے تحت ہونے لگے ہیں اور اب ان میں معاشرے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے ملاقات نہیں کی جاتی۔

ان کا یہ بیان ہندوستان میں امریکی سفیر سرجیو گور کے جموں وکشمیر کے پہلے دورے کے ایک دن بعد آیا۔ اس دورے کے دوران گور نے جموں وکشمیر کو ہندوستان کا ایک اہم حصہ قرار دیا تھا اور کہا تھا کہ امریکہ خطے کے لئے اپنی سفری ہدایات پر نظر ثانی کرے گا۔

محبوبہ نے کہا کہ 2019 سے پہلے جموں وکشمیر کا دورہ کرنے والے غیر ملکی سفیر حالات کے بارے میں اپنی رائے قائم کرنے سے قبل سیاحت، تجارت اور معاشرے کے دیگر طبقات کے نمائندوں سے ملاقات کیا کرتے تھے۔

انہوں نے کہا کہ 2019 کے بعد ان تمام غیر ملکی شخصیات کے دورے طے شدہ ہوگئے ہیں۔ وہ آتے ہیں، کسی اور سے ملاقات نہیں کرتے، وزیر اعلیٰ اور لیفٹیننٹ گورنر سے ملتے ہیں، شکارے کی سیر کرتے ہیں اور واپس چلے جاتے ہیں۔

محبوبہ نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر کے مسائل کا حل واشنگٹن میں نہیں بلکہ نئی دہلی میں ہے۔ تاہم انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کو دورہ کرنے والے امریکی وفد کے سامنے ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی فوجی کارروائی پر جموں وکشمیر کے عوام کے خدشات بھی پیش کرنے چاہئیں تھے۔



انہوں نے کہا کہ شہریوں کی ہلاکتوں، بچوں کی اموات اور ایرانی قیادت کی ہلاکتوں پر جموں وکشمیر میں تشویش پائی جاتی ہے اور حکومت کو ان واقعات پر اپنی ناراضگی سے بھی آگاہ کرنا چاہئے تھا۔

انہوں نے کہا کہ انہیں یہ بتانا چاہئے تھا کہ جس طرح امریکہ مسلم ممالک میں افراتفری پیدا کرتا ہے اور بلاوجہ ان پر حملے کرتا ہے، اس کا اثر جموں وکشمیر پر بھی پڑتا ہے۔

محبوبہ نے ایک مبینہ سکیورٹی کارروائی کے دوران لوگوں کو ہراساں کئے جانے، گرفتاریوں، سرکاری ملازمتوں سے برطرفی اور املاک ضبط کئے جانے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ان مسائل میں شامل ہیں جنہیں وزیر اعلیٰ کو نئی دہلی کے سامنے اٹھانا چاہئے۔

انہوں نے کہا کہ ایسا ماحول پیدا کر دیا گیا ہے جس میں لوگوں کے لئے سانس لینا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ عمر صاحب اس بارے میں بات کر سکتے تھے۔

گور کی جانب سے امریکی سفری ہدایات پر نظر ثانی اور جموں وکشمیر کے ساتھ اقتصادی روابط بڑھانے کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے محبوبہ نے اس امکان کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ اقتصادی روابط سے خطے کے باغبانی اور دستکاری کے شعبوں کو فائدہ پہنچ سکتا ہے اور روزگار کے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔

گور کی جانب سے جموں وکشمیر کو ہندوستان کا ایک اہم حصہ قرار دیئے جانے پر محبوبہ نے کہا کہ ہندوستان کو امریکہ سے کسی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

## جموں-سری نگر کے درمیان چلے گی نئی وندے بھارت ٹرین، اودھم پور میں بھی سٹاپ ہوگا

جموں، 20 اگست (ایجنسی) جموں-سری نگر ریلوے روٹ کو جلد ہی تیسری وندے بھارت ٹرین ملنے والی ہے، جس کا اودھم پور ضلع میں بھی سٹاپ ہوگا۔

مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتیندر سنگھ نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ اودھم پور کے لئے اچھی خبر ہے! مقامی لوگوں کے دیرینہ مطالبے اور ہماری جانب سے کی گئی پُرخلوص درخواست کے جواب میں ریلوے وزارت نے جموں اور سری نگر کے درمیان چلنے والی تیسری اور نئی وندے بھارت ایکسپریس کے لئے اودھم پور کو سٹاپ کے طور پر شامل کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ یہ ایک بار پھر وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اس خطے کے عوام کی امنگوں کے تئیں حساسیت کا اظہار ہے۔ انہوں نے اس مثبت اور فوری اقدام کے لئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا شکریہ بھی ادا کیا۔

واضح رہے کہ فی الحال جموں اور سری نگر کے درمیان دو وندے بھارت ٹرینیں چار سروسز کے ساتھ چل رہی ہیں۔ کشمیر وادی کے لئے دونوں وندے بھارت ٹرینوں کا افتتاح 6 جون 2025 کو کیا گیا تھا اور ابتدا میں یہ شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ اور سری نگر کے درمیان چلائی گئی تھیں۔

## وانگت نالہ میں سیلابی صورتحال کے بعد ملبہ جمع

### متعلقہ محکموں نے مشینری کو تعینات کیا

سرینگر 20 اگست (آفتاب) گاندربل ضلع کے وانگت میں اچانک سیلاب کے بعد، وانگت نالہ میں بھاری ملبہ جمع ہوگیا، جس سے متعلقہ محکموں کو فوری طور پر صفائی کی کارروائیاں شروع کرنے پر کہا گیا ہے۔

محکمہ آبپاشی اور فلڈ کنٹرول اور پی ایم جی ایس وائی کی ٹیموں نے اس مقام پر مشینری تعینات کر دی ہے۔ متاثرہ سڑک کو صاف کر کے رابطہ بحال کر دیا گیا ہے جبکہ نالے میں جمع ملبہ ہٹانے کا کام جاری ہے۔ دریں اثنا علاقہ کے مکینوں نے ضلعی انتظامیہ اور مقامی ایم ایل اے سے اپیل کی ہے کہ وہ علاقے کی حفاظت کے لئے مستقل اقدامات کریں، خاص طور پر نالے کے ساتھ حفاظتی دیوار تعمیر کیا جائے۔

مقامی لوگوں نے کہا کہ ایک حفاظتی دیوار مستقبل میں شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال کے دوران ملحقہ سڑک اور رہائشی علاقوں کو ممکنہ نقصان سے بچانے میں مدد دے گی۔ انہوں نے حکام پر زور دیا کہ وہ کمزور حصوں کا جائزہ لیں اور ضروری حفاظتی کام ترجیحی بنیادوں پر کریں۔

## ٹھیکیداروں نے بقایا جات کی ادائیگی کی مانگ کو لیکر چیف انجینئر دفتر کے باہر کیا مظاہرہ

جموں 20 اگست (نریش) پی ایچ ای کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے بینر تلے ٹھیکیداروں نے بقایا جات کی ادائیگی کی مانگ کو لیکر آج جموں میں چیف انجینئر دفتر کے باہر زوردار احتجاج درج کروایا۔ مظاہرین کی قیادت ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر راجیش چودھری کر رہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ ٹھیکیداروں نے محکمہ میں پچھلے دو تین برسوں سے جو کام کروائے ہیں ان کے بقایا جات کا بھگتان نہیں کیا گیا ہے جس کی وجہ سے انہیں کئی طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ کئی بار سرکار کے متعلقہ حاکموں کے پاس کئی بار ملاقات کر انہیں یادداشتیں پیش کر چکے ہیں لیکن آج تک انہیں کچھ حاصل نہیں ہو پایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹھیکیدار قرضے میں ڈوبے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ٹھیکیدار پریشان حال ہیں جو سرکار سے کوئی بھیک نہیں بلکہ اپنا حق مانگ رہے ہیں اگر ان کے بقایا جات کی ادائیگی کیلئے سرکار نے جلد اقدام نہیں کئے تو وہ ممبران اسمبلی کے گھروں کے باہر بمعہ پریوار دھرنے مظاہرے کرنا شروع کر دیں گے۔

## حاجن میں موٹر سائیکل کی ٹکر سے ایک شخص ہلاک

سرینگر 20 اگست (آفتاب) شمالی کشمیر کے بانڈی پورہ ضلع کے حاجن علاقے میں ایک موٹر سائیکل کی دوسری موٹر سائیکل سے ٹکر کے بعد ایک شخص کی موت ہوگئی۔ ایک اہلکار نے بتایا کہ حادثہ حاجن میں اس وقت پیش آیا جب دو موٹر سائیکلیں آپس میں ٹکرا گئیں، جس سے دونوں سوار زخمی ہوگئے۔

انہوں نے بتایا کہ دونوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں زخمیوں میں سے ایک کی شناخت یاور احمد، سودنارا، سوناواری کے رہائشی کے طور پر ہوئی، کو خصوصی علاج کے لئے سری نگر ریفر کیا گیا۔ تاہم بعد میں وہ ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔

## امپھلا مانڈہ-جانی پور روڈ پر فلائی اوور کی تعمیر کے خلاف مشن سٹیٹ ہڈ نے کیا احتجاجی مظاہرہ

جموں 20 اگست (نریش) مشن سٹیٹ ہڈ نے امپھلا مانڈہ جانی پور روڈ پر فلائی اوور کی تعمیر کے خلاف آج شہر میں زوردار احتجاج درج کروایا۔ مظاہرین کی قیادت تنظیم کے صدر سنیل ڈمپل کر رہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ امپھلا مانڈہ سے جانی پور تک فلائی اوور کی تعمیر کیلئے جو ٹینڈر نکالا گیا ہے اس سے سینکڑوں دکانداروں کی روزی روٹی چھن جائے گی۔ آپ نے کہا کہ وہ امپھلا مانڈہ سے جانی پور کے راستہ اکھنور تک رنگ روڈ کی تعمیر کرنے اور میٹرو ٹرین چلانے و رہاڑی چونگی سے جیول تک فلائی اوور کی تعمیر کرنے وغیرہ جیسی مانگوں کو لیکر ایک لمبے عرصہ سے جدوجہد کر رہے ہیں۔

اس عرصہ کے دوران کئی بار سرکار کے متعلقہ حاکموں کے ساتھ ملاقات کر انہیں یادداشتیں پیش کر چکے ہیں لیکن آج تک انہیں خالی یقین دہانیوں وجھوٹے وعدوں کے سوائے کچھ حاصل نہیں ہو پایا ہے۔

انہوں نے جموں کشمیر یوٹی کے لیفٹیننٹ گورنر شری منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے اپیل کی کہ وہ ان کی مانگوں کے حل کیلئے فوری اقدام کئے جائیں۔

## زمین دھنسنے سے جموں کے کھیری میں کئی مکانات کو پہنچا نقصان

**ایک درجن خاندان خیموں میں پناہ لینے کیلئے مجبور۔ لوگوں میں انتظامیہ کے تئیں بھاری غصہ**

جموں، 20 اگست (ایجنسی) جموں شہر کے مضافاتی علاقے بن تالاب کے کھیری میں زمین دھنسنے سے کئی مکانات کو نقصان پہنچنے کے بعد تقریباً ایک درجن خاندان خیموں میں پناہ لینے پر مجبور ہوگئے ہیں۔

زمین مسلسل دھنسنے اور پہاڑی علاقے میں واقع مکانات میں دراڑیں پڑنے کے باعث مقامی باشندوں کے لئے صورتحال خوفناک بن گئی ہے۔ یہ علاقہ شہر سے تقریباً 10 سے 12 کلومیٹر دور واقع ہے۔

موسم کی تازہ ایڈوائزری کے بعد مزید زمین دھنسنے اور مکانات کو مزید نقصان پہنچنے کے خدشے کے پیش نظر باشندوں کو احتیاطی طور پر خیموں میں منتقل ہونا پڑا ہے۔ مقامی باشندے جاوید نے بتایا کہ زمین مسلسل دھنسنے کے باعث تقریباً ایک درجن مکانات متاثر ہوئے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ انہوں نے چند سال قبل اپنا مکان تعمیر کیا تھا، لیکن انہیں زمین کی غیر مستحکم حالت اور علاقے میں زمین دھنسنے کے امکان کے بارے میں کوئی علم نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ مکان تعمیر ہونے کے چند سال بعد زمین کا ایک حصہ دھنسنے لگا جبکہ دوسرا حصہ اوپر اٹھنے لگا، جس کے نتیجے میں مکان کی ساخت میں دراڑیں پڑ گئیں۔

جاوید نے بتایا کہ ان کے بھائی نے بھی قریب ہی زمین خریدی تھی، لیکن زمین کھسکنے کے باعث زیر تعمیر مکان مکمل ہونے سے پہلے ہی منہدم ہوگیا۔

ایک اور مقامی رہائشی منیرہ بی بی نے بتایا کہ وہ مسلسل خوف کے سائے میں زندگی گزار رہی ہیں کیونکہ ان کے مکان میں دراڑیں پڑ چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکان میں دراڑیں پڑ گئی ہیں اور ایسے حالات میں ایسے ڈھانچے میں رہنا تقریباً ناممکن ہوگیا ہے جس کے منہدم ہونے کا شدید خطرہ ہو۔

تاہم دیہاتیوں نے تشویش ظاہر کرتے ہوئے الزام لگایا کہ حکام سے بار بار رجوع کرنے کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے اب تک کوئی ٹھوس فیصلہ نہیں کیا گیا ہے۔

مقامی باشندوں نے کہا کہ اب بھی ٹھوس کارروائی کا انتظار ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں عارضی خیمے اور امدادی سامان فراہم کیا گیا ہے، لیکن عارضی پناہ گاہوں میں طویل عرصے تک رہنا مشکل ہوگا، خاص طور پر بارش کے موسم میں۔

کھیری کے باشندوں نے ایک بار پھر انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ علاقے کا تفصیلی ارضیاتی اور تکنیکی سروے کرایا جائے اور اس مسئلے کا مستقل حل تلاش کیا جائے، جو ان کے مطابق روز بروز سنگین ہوتا جا رہا ہے۔

سب ڈویژنل مجسٹریٹ (ایس ڈی ایم) نارتھ دیپک کمار نے یو این آئی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ نے صورتحال کا پہلے ہی نوٹس لے لیا ہے اور باشندوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

## آل جے اینڈ کے آر ٹی سی والینٹیئر ریٹائرڈ ایسوسی ایشن نے اپنی دیرینہ مانگوں کو لیکر کیا زوردار احتجاجی مظاہرہ

جموں 20 اگست (نریش) آل جے اینڈ کے آر ٹی سی والینٹیئر ریٹائرڈ ایمپلائز ایسوسی ایشن نے اپنی دیرینہ مانگوں کو لیکر آج یہاں پریس کلب کے باہر زوردار احتجاج درج کروایا۔ مظاہرین کی قیادت ایسوسی ایشن کے صدر دیوراج بالی کر رہے تھے۔

انہوں نے سرکار پر کارپوریشن سے رضاکارانہ طور پر سبکدوش ہونے والے ملازموں کی ان دیکھی کرنے کا الزام لگایا اور کہا کہ وہ پے کمیشن کے بقایا جات کی ادائیگی کرنے وغیرہ جیسی مانگوں کو لیکر ایک لمبے عرصہ سے جدوجہد کر رہے ہیں اس عرصہ کے دوران کئی بار سرکار کے متعلقہ حاکموں کے ساتھ ملاقات کر انہیں یادداشتیں بھی پیش کر چکے ہیں لیکن آج تک انہیں خالی یقین دہانیوں وجھوٹے وعدوں کے کچھ حاصل نہیں ہو پایا ہے۔

انہوں نے کہا کہ متعلقہ وزیر کے ساتھ ملاقات کر انہیں بھی یادداشت پیش کی تھی اور انہوں نے کارپوریشن کے ایم ڈی کو ان کی مانگوں کے حل کیلئے ہدایت جاری کی تھی لیکن وہ ان کی ہدایت پر بھی عمل نہیں کر پائے ہیں جو باعث تشویش ہے۔ انہوں نے وارننگ دی کہ اگر ان کی مانگوں کے حل کیلئے سرکار نے جلد اقدام نہیں کئے تو انہیں بڑا آندولن شروع کرنے کیلئے مجبور ہونا پڑے گا۔


REVENUE DEPARTMENT
GOVERNMENT OF JAMMU & KASHMIR | JK ZAMEEN SUDHAR PORTAL

# JAMABANDI (LAND RECORDS)

CHECK YOUR RECORD AND REGISTER YOUR GRIEVANCE

**Your Land. Your Record. Your Right.**

The Revenue Department, Government of Jammu & Kashmir, has launched the JK Zameen Sudhar Portal to make land records transparent, accessible and citizen-friendly.

The portal enables easy public access to digitized Jamabandi and related land record services.

**CHECK YOUR JAMABANDI**
1. Visit the portal: jkzameensudhar.jk.gov.in
2. Select District, Tehsil and Village
3. Search the Jamabandi record
4. View and verify land details online

**RAISE & TRACK A GRIEVANCE**
1. Open the grievance section on the portal
2. Submit your objection / discrepancy with details
3. Receive acknowledgement / reference number
4. Track status online for timely resolution

**KEY BENEFITS**
Transparent land records | Easy online access | Search and verification services | Grievance submission and tracking | Citizen-friendly digital interface

ACCESS YOUR LAND RECORDS ANYTIME, ANYWHERE
https://jkzameensudhar.jk.gov.in
YOUR DATA IS SECURE. YOUR RIGHTS ARE PROTECTED.
SAVE TIME | ENSURE ACCURACY | EMPOWER CITIZENS

*Be Informed. Be Empowered. Be a Part of Transparent Land Governance.*

DIP/J-8449/26 DATED:20.08.2026


## پریویسٹ ڈینپرو لمیٹڈ

CIN: L85199JK1999PLC001969 رجسٹرڈ دفتر: EPIP کارتھولی، باری برہمن، سامبا، جمو، جموں و کشمیر، 181133
میل: info@prevestdenpro.com ویب سائٹ: www.prevestdenpro.com

### 27ویں سالانہ جنرل میٹنگ اور ریموٹ ای-ووٹنگ کا نوٹس

نوٹس کے تحت دی جاتی ہے کہ پریویسٹ ڈینپرو لمیٹڈ کے اراکین کی 27ویں سالانہ جنرل میٹنگ ('AGM') جمعرات، 17 ستمبر 2026 کو دوپہر 12:30 بجے (IST) ویڈیو کانفرنسنگ ("VC")/ دیگر آڈیو ویژول میئز ("OAVM") کے ذریعے کاروباری معاملات انجام دی جائے گی، جیسا کہ مختلف MCA اور SEBI سرکلرز کے مطابق AGM بلانے کے نوٹس میں بیان کیا گیا ہے۔

کمپنی نے AGM کا نوٹس مالی سال 2025-26 کی سالانہ رپورٹ کے ساتھ جمعرات، 20 اگست 2026 کو الیکٹرانک طریقے سے ان اراکین کو بھیجا ہے جن کے ای میل ایڈریسز کمپنی یا ڈپازٹریز کے کمپنی/رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں، جیسا کہ جنرل سرکلر نمبر 2020/20 مورخہ 5 مئی 2020 کے مطابق ہے۔ 2024/09 مورخہ 19 ستمبر 2024 اور 2025/03 مورخہ 22 ستمبر 2025 وزارت کارپوریٹ افیئرز (MCA) کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر SEBI/HO/ CFD/CFD-PoD-2/P/CIR/2024/133 مورخہ 3 اکتوبر 2024، ماسٹر سرکلر نمبر SEBI/HO/ CFD-PoD-2/P/CIR/0155 مورخہ 11 نومبر 2024 کی SEBI، اور MCA اور SEBI کی جانب سے جاری کردہ دیگر سرکلرز (جنہیں مجموعی طور پر "سرکلرز" کہا جاتا ہے)، تاکہ AGM کے نوٹس کے مطابق کاروبار کو انجام دیا جا سکے۔ VC / OAVM سہولت کے ذریعے حصہ لینے والے اراکین کو کمپنیز ایکٹ 2013 کے سیکشن 103 کے تحت کورم کے مقصد کے لیے شمار کیا جائے گا۔

مزید برآں، SEBI لسٹنگ ریگولیشنز کے ریگولیشن 36(1)(b) کے مطابق، شیئر ہولڈرز کو ایک خط بھیجا گیا ہے جن کے ای میل آئی ڈیز کمپنی / RTA / DPs کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہیں، جس میں ویب لنک اور مالی سال 2025-26 کی سالانہ رپورٹ تک رسائی کا راستہ فراہم کیا گیا ہے۔

AGM کا نوٹس، مالی سال 2025-2026 کی سالانہ رپورٹ اور دیگر متعلقہ دستاویزات کمپنی www.prevestdenpro.com کی ویب سائٹ اور بی ایس ای لمیٹڈ کی ویب سائٹ www.bseindia.com پر بھی دستیاب ہیں۔

کمپنیز ایکٹ، 2013 کے سیکشن 108 کے مطابق، جو کمپنیوں (مینجمنٹ اینڈ ایڈمنسٹریشن) رولز، 2014 کے رول 20 کے ساتھ وقتاً فوقتاً ترمیم کی گئی ہے، SEBI (لسٹنگ ذمہ داریوں اور انکشاف کی ضروریات) ریگولیشنز، 2015 ("لسٹنگ ریگولیشنز") کے ریگولیشن 44 ("لسٹنگ ریگولیشنز") اور سیکریٹریل اسٹینڈرڈ - 2 جو انسٹی ٹیوٹ آف کمپنی سیکرٹریز آف انڈیا کی جانب سے جاری کردہ جنرل میٹنگز کے بارے میں ہے، کے مطابق، کمپنی کو یہ سہولت دینے پر خوشی ہے کہ وہ اراکین کو AGM میں منظور ہونے والی تمام قراردادوں پر الیکٹرانک ذرائع سے ووٹ دینے کا حق استعمال کر سکیں۔ کمپنی نے NSDL کو ریموٹ ای-ووٹنگ کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت، VC/OAVM کے ذریعے AGM میں شرکت، اور AGM کے دوران ای-ووٹنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے شامل کیا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا) | ای ووٹنگ کے لیے کٹ آف تاریخ | : | جمعرات، 10 ستمبر، 2026 |
| ب) | ریموٹ ای-ووٹنگ کا آغاز | : | پیر، 14 ستمبر، 2026، صبح 09:00 بجے (IST) |
| ت) | ریموٹ ای-ووٹنگ کا خاتمہ | : | بدھ، 16 ستمبر 2026، شام 05:00 بجے (IST) |

اراکین کو موقع ملے گا کہ وہ AGM کے نوٹس کے مطابق کاروباری اداروں پر دور سے یا AGM کے دوران الیکٹرانک ووٹنگ سسٹم کے ذریعے ووٹ ڈالیں۔ ڈی میٹریلائزڈ موڈ، فزیکل موڈ میں حصص رکھنے والے اور جن کے ای میل ایڈریس رجسٹر نہیں ہوئے، ان اراکین کے لیے دور سے یا AGM کے دوران ووٹنگ کا طریقہ AGM کے نوٹس میں فراہم کیا گیا ہے۔

کوئی بھی شخص جو AGM کے نوٹس کے بعد کمپنی کا رکن بنتا ہے اور کٹ آف تاریخ یعنی جمعرات، 10 ستمبر 2026 کو شیئرز رکھتا ہے، وہ evoting@nsdl.com یا investor@bigshareonline.com کو درخواست بھیج کر یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ حاصل کر سکتا ہے۔ تاہم، اگر رکن پہلے ہی NSDL کے ساتھ ای-ووٹنگ کے لیے رجسٹرڈ ہے تو وہ موجودہ یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ استعمال کر کے ای-ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈال سکتا ہے۔ ایک رکن جنرل میٹنگ میں شرکت کر سکتا ہے، چاہے وہ ریموٹ ای-ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرے، لیکن اسے دوبارہ اجلاس میں ووٹ دینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

جس شخص کا نام ممبران کے رجسٹر میں یا ڈیپازٹریز کے زیر انتظام بینیفشل مالکان کے رجسٹر میں صرف کٹ آف ڈیٹ پر درج ہو، وہ ریموٹ ای-ووٹنگ کی سہولت اور جنرل میٹنگ میں ووٹنگ کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کا حقدار ہوگا؛

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے محترمہ نکیتا کیڈیا، جو این کے ایم اینڈ ایسوسی ایٹس کی مالک ہیں، کمپنی سیکرٹری ان پریکٹس، جن کی ممبرشپ نمبر: A54970 اور سرٹیفکیٹ آف پریکٹس نمبر: 20414 ہے، کو اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے تاکہ ووٹنگ کے عمل کا منصفانہ اور شفاف انداز میں جائزہ لیا جا سکے۔

اگر اے جی ایم میں ریموٹ ای-ووٹنگ یا ای-ووٹنگ سے متعلق کوئی سوال/شکایت ہو تو براہ کرم www.evoting.nsdl.com پر دستیاب اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs) اور ای-ووٹنگ یوزر مینوئل برائے اراکین دیکھیں، مدد سیکشن کے تحت یا ٹول فری نمبر: 022 - 4886 7000 اور 022 - 2499 7000 پر کال کریں یا محترمہ پلوی مہاترے کو evoting@nsdl.com پر درخواست بھیجیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 11 اگست 2026 کو ہونے والی میٹنگ میں فی ایکویٹی شیئر 1/- روپے کا حتمی ڈیویڈنڈ منظور اور سفارش کی ہے، جو ایکویٹی شیئر کی اصل قیمت کا 10٪ ہے، جو کمپنی کے آئندہ 27ویں سالانہ اجلاس میں شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط ہے۔ حتمی ڈیویڈنڈ، اگر منظور ہو جائے، تو شیئر ہولڈرز کی طرف سے 17 ستمبر 2026 کے بعد ان شیئر ہولڈرز کو ادا کیا جائے گا، جن کا نام رجسٹر آف ممبرز یا رجسٹر آف بینیفشل اونرز میں درج ہوگا، جیسا کہ ریکارڈ کی تاریخ یعنی ہفتہ، 05 ستمبر 2026 ہے۔

بورڈ کے حکم پر
پریویسٹ ڈینپرو لمیٹڈ کے لیے

-/Sd
پرتول گپتا
کمپنی سیکرٹری اور کمپلائنس آفیسر

تاریخ: 20 اگست، 2026
مقام: جموں

